### *Z.Q., ET AL. V. N.Y. CITY DEP'T OF EDUC., ET AL., 20 Civ. 09866 (ALC) (RFT)*

### طالب علم کے ریکارڈز کے ممکنہ افشا کیے جانے کا اطلاع نامہ

**برائے مہربانی اس اطلاع کو بغور پڑھیں۔** یہ پیغام ایک مقدمے کے ان دستاویز کو افشا کرنے کے متعلق ہے جن میں ممکن ہے کہ آپ کے بچے کے بارے میں معلومات شامل ہوں۔

عربی، بنگالی، چینی، انگریزی، فرانسیسی، ہیشیئن کریؤل، کوریائی، روسی، ہسپانوی اور اردو زبان میں ترجمے یہاں دستیاب ہونگے: **https://www.schools.nyc.gov/learning/special-education/help/zqferpa**

### مقدمے کی نوعیت

اس مجوزہ کلاس نالش مقدمے، *Z.Q. v. NYC DOE*، میں مدعیان نے دعویٰ کیا ہے کہ نیو یارک شہر محکمہ تعلیم نے معذور افراد کی تعلیم کے ایکٹ (اور دیگر متعلقہ قوانین) کے مطابق ان کے حقوق کی خلاف ورزی کی ہے کیونکہ نیو یارک شہر محکمہ تعلیم معذوری کے حامل طلبا کو ذیل فراہم کرنے میں ناکام رہا ہے (1) Covid-19 کی وجہ سے ریموٹ لرننگ کے دوران اس سطح کی تعلیم جس کے لیے یہ قانونی طور پر مستحق ہیں (2) ریموٹ لرننگ کے دورانیے کے دوران چھوٹ جانے والی تعلیمی خدمات اور علاج کی تلافی کے لیے درکار متلافی خدمات (3) ایک طریقہ کار جس کے ذریعے ریموٹ لرننگ کے دورانیے کے دوران چھوٹ جانے والی تعلیمی خدمات اور علاج کی تلافی کرنے کے لیے درکار متلافی خدمات حاصل کی جاتی ہیں۔ نیو یارک شہر محکمہ تعلیم ان تمام الزامات کو مسترد کرتا ہے۔

مدعیان کی نمائندگی Advocates for Children of New York، https://www.advocatesforchildren.org/، 212-225-9339 (cal@advocatesforchildren.org) اور Patterson Belknap Webb & Tyler LLP، https://www.pbwt.com/ کے ذریعے کی جارہی ہے۔

### دستاویزات کے لیے درخواست

اس مقدمے کے حصے کے طور پر، مدعیان نیو یارک شہر محکمہ تعلیم سے ایسے مخصوص دستاویز پیش کرنے کے لیے کہہ رہے ہیں جن میں طلبا کے بارے میں تحفظ کردہ ذاتی معلومات ہوسکتی ہیں، بشمول آپ کے بچے کی معلومات کے۔ درخواست کردہ دستاویزات کی کچھ مثالوں میں شامل ہیں (1) ریموٹ لرننگ کے دوران والدین اور / یا سرپرستوں کی جانب سے پروگراموں، خدمات یا آلات کے لیے کوئی بھی درخواستیں (2) ریموٹ لرننگ کے دوران ان کے بچے کی چھوٹ جانے والی خدمات اور علاج کی تلافی کرنے کے لیے والدین کی پروگراموں اور خدمات کے لیے کوئی بھی درخواستیں (3) ریموٹ لرننگ کے دوران طلبا کی چھوٹ جانے والی خدمات اور علاج کے لیے معذوری کے حامل طلبا کو فراہم کرنے کے لیے تلافی خدمات کی کوئی بھی پیشکشیں۔ اگر آپ ایک موجودہ یا سابقہ طالب علم ہیں، یا ایک ایسے طالب علم کے والدین یا سرپرست ہیں، جنھوں نے **مارچ 2020 تا جولائی 2021 کے درمیان پروگراموں، خدمات یا آلات کو موصول کیا تھا یا ان کی گزارش کی تھی، یا ریموٹ لرننگ کے دوران آپ کے بچے کی چھوٹ جانے والی تعلیم اور علاج کے لیے تلافی پروگرام اور خدمات موصول کی تھیں یا ان کی گزارش کی تھی، آپ کے ریکارڈز یا آپ کے بچے کے ریکارڈز پیش کیے جا سکتے ہیں۔**

اگر نیو یارک شہر محکمہ تعلیم آپ کے یا آپ کے بچے کے دستاویز پیش کرتا ہے تو دستاویزات کو پوشیدہ رکھا جائے گا اور صرف **فریقین کے وکلا اور ان کا عملہ، ان کے ماہرین اور ممکنہ طور پر گواہی دینے والے یا مقدمے میں مدد کرنے والے دیگر تیسرے فریقین، عدالت اور ان کا عملہ اور فریقین کے وکلا کی اجازت کے ساتھ دیگر افراد دیکھنے کے قابل ہوں گے۔** فریقین نے عدالت کے جاری کردہ حکم کے تحت رازداری کا ایک معاہدہ کیا ہے، جس کا مطلب ہے **کسی بھی طالبِ علم کے ریکارڈ کو عوام الناس پر یا کسی بھی دیگر طالب علم یا والدین پر افشا نہیں کیا جائے گا۔**

**آپ کے طالب علم کے ریکارڈ کو پیش کرنے سے آپ کے طالب علم کی تعلیم کو کوئی نقصان نہیں ہو گا، اور نہ ہی ان کو آپ کے یا آپ کے طالب علم کے خلاف استعمال کیا جاسکے گا۔ اگر (دستاویزات) پیش کیے جاتے ہیں تو آپ کے طالب علم کے ریکارڈ کو صرف اس کلاس نالش مقدمے میں استعمال کیا جائے گا، اور کسی اور مقصد کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکے گا۔**

## طالب علم کا رازداری کا استحقاق

آپ کے پاس اس مقدمے میں آپ کے یا آپ کے بچے کے متعلق کسی بھی دستاویز کے پیش کرنے پر اعتراض کرنے کا موقع ہے۔ خاندانی تعلیمی حقوق اور راز داری کا قانون ("FERPA") 20 U.S.C. § 1232g(b) اور 34 C.F.R. § 99.31(a)(9)(ii) اور معذوری کے حامل افراد کے تعلیمی قانون ("IDEA") 20 U.S.C. §§ 1400, et seq. ایسے وفاق قوانین ہیں جو طلبا کے ریکارڈ کی رازداری کا تحفظ کرتے ہیں۔ یہ قوانین عدالت کے حکم کی تکمیل کے لیے ریکارڈز کو افشا کرنے کی اجازت دیتے ہیں، بشرطیکہ اسکول ضلع ریکارڈز کو افشا کرنے سے قبل طلبا اور والدین کو مطلع کرنے کے لیے معقول کوشش کرے اور ان کو ان ریکارڈز میں شامل تحفظ کردہ ذاتی معلومات پیش کرنے پر اعتراض کرنے کا موقع فراہم کرے۔

اگر، مطلع کرنے کے بعد، ولدین اور / یا طالب علم اعتراض کرے تو **دستاویزات پھر بھی پیش کیے جا سکتے ہیں** لیکن تحفظ کردہ ذاتی معلومات کو ہٹا دیا جائے گا تاکہ مدعیان کا وکیل معلومات کو نہ دیکھ سکے۔ تحفظ کردہ ذاتی معلومات میں طلبا کے نام؛ والدین اور سرپرستوں کے نام ( اس میں والدہ کے شادی سے پہلے کے نام شامل ہیں)؛ اہل خانہ کے نام؛ سوشل سیکیورٹی نمبرز؛ گھر کے پتے؛ گھر کے فون نمبرز؛ اور تاریخ اور مقامِ پیدائش شامل ہیں۔

## اعتراض کس طرح کیا جائے؟

یہ اطلاع نامہ نیو یارک شہر محکمہ تعلیم کے خلاف آپ کے کسی بھی دیگر معاملات کے متعلق آپ کے یا آپ کے بچے کے کسی بھی حقوق کو متاثر نہیں کرتا ہے۔

آپ کو اپنے یا اپنے بچے کے ریکارڈ کو افشا کرنے پر اعتراض کرنے کا حق حاصل ہے۔ اگر ایک وکیل یا حمایتی آپ کی مدد کر رہا ہے تو آپ ایک وکیل سے اس اطلاع نامے کے بارے میں بات چیت کر سکتے ہیں۔

**اگر آپکو مذکورہ بالا میں بیان کی گئی معلومات کو افشا کرنے پر کوئی اعتراض نہیں ہے تو آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔**

**اگر آپ کو مذکورہ بالا بیان کی گئی معلومات کو افشا کرنے پر اعتراض ہے تو آپ کو لازماً ذیل کرنا ہو گا:** آپ اس اطلاع نامے کے ساتھ منسلک یا https://www.schools.nyc.gov/learning/special-education/help/zqferpa پر پائے جانے والے " طالب علم کی معلومات اور ریکارڈ کو افشا کرنے پر اعتراض مقدمہ نمبر "CV-20-09866" فارم کو مکمل کریں یا اس کو (1) ZQObjections@schools.nyc.gov پر ای میل کریں یا (2) ذیل پتے پر بذریعہ ڈاک بھیجیں:

Jeffrey S. Dantowitz NYC Law Department
100 Church Street, Room 2-178 New York, NY 10007

**تمام اعتراضات کو 27 دسمبر, 2024 تک موصول ہونا لازمی ہے۔**

**اگر آپ کو اس بارے میں مزید معلومات درکار ہیں کہ آپ کے بچے کے (یا آپ کے ریکارڈ، اگر آپ 18 سال سے بڑی عمر کے ہیں) ریکارڈ کو افشا کرنے پر اعتراض کس طرح کیا جائے یا آپ کو اس اطلاع نامے کے ترجمے کی ضرورت ہے تو براہ کرم ذیل پر جائیں: https://www.schools.nyc.gov/learning/special-education/help/zqferpa اگر آپ کے مقدمے کے متعلق کوئی سوالات ہیں تو ایڈوکیٹس فار چلڈرن ہیلپ لائن سے 212-225-9339 پر یا** https://advocatesforchildren.org/contact-us/ پر رابطہ کریں۔

اگر آپ 27 دسمبر، 2024 تک اعتراض کے فارم کو جمع نہیں کرواتے ہیں تو یہ سمجھا جائے گا کہ آپ تحفظ کردہ ذاتی معلومات پر مشتمل طالب علم کی معلومات اور ریکارڈ کو افشا کرنے کے اعتراض کے حق سے دستبردار ہو گئے ہیں۔

**طالب علم کی معلومات اور ریکارڈز کے افشا کیے جانے پر اعتراض**

**میں ایک والدین، سرپرست، یا بالغ طالب علم ہوں** جو اٹھارہ (18) سال یا اس سے بڑی عمر کا ہے۔

**میں نے طالب علم کے اہم ریکارڈز کو افشا** کرنے کے امکان کے اطلاع نامے کو پڑھ لیا ہے اور سمجھ لیا ہے۔

**مجھے اعتراض ہے** مقدمہ بعنوان *Z.Q., et al. v. N.Y. City Dep't of Educ., et al., Southern District of New York, Case No. 20-CV-09866 (ALC) (RFT)* کے متعلق نیو یارک شہر محکمہ تعلیم کی ملکیت میں تعلیمی ریکارڈز اور تحفظ کردہ ذاتی معلومات[1] پر مشتمل دستاویز کو افشا کرنے پر:

براہِ کرم صفائی سے لکھیں

والدین / سرپرست کا نام: ______________________________

طالب علم (طلبا) کا نام: ______________________________

طالب علم کی تاریخِ پیدائش: ______________________________

طالب علم کا ID#: ______________________________

آخری اسکول جس میں شرکت کی تھی: ______________________________

پتہ: ______________________________

______________________________ ______________________________

تاریخ

والدین / سرپرست یا بالغ طالب علم / سابقہ طالب علم کے دستخط

**اس فارم کو لازماً یا تو (1) محکمہ تعلیم کے وکیل کو ZQObjections@schools.nyc.gov پر ای میل کریں یا (2) ذیل پتے پر بذریعہ ڈاک بھیجیں:**

Jeffrey S. Dantowitz NYC Law Department
100 Church Street, Room 2-178 New York, NY 10007

**اس اعتراض فارم کو 27 دسمبر، 2024 تک موصول ہونا لازمی ہے**

[1] "تحفظ کردہ ذاتی معلومات" میں شامل ہیں، لیکن انہی تک محدود نہیں: طلبا کے نام؛ والدین اور سرپرستوں کے نام (بشمول والدہ کے شادی سے پہلے کے نام)؛ اہل خانہ کے نام؛ سوشل سیکیورٹی نمبرز؛ گھر کے پتے؛ گھر کے فون نمبرز؛ اور تاریخ اور مقامِ پیدائش شامل ہیں۔